SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر VIII مجریہ ۲۰۰۹

SINDH ACT NO.VIII OF 2009

لاڑکانہ ڈیولپمنٹ اتھارٹی (تجدید اورترمیم کرنا) ایکٹ، ۲۰۰۹

THE LARKANA DEVELOPMENT AUTHORITY (REVIVAL AND AMENDING) ACT, 2009

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ لاڑکانہ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی تجدید اور ترامیم
Revival and amendments of Larkana Development Authority
۳۔ بچت
Saving

سندھ ایکٹ نمبر VIII مجریہ ۲۰۰۹

SINDH ACT NO.VIII OF 2009

لاڑکانہ ڈیولپمنٹ اتھارٹی (تجدید اورترمیم کرنا) ایکٹ، ۲۰۰۹

THE LARKANA DEVELOPMENT AUTHORITY (REVIVAL AND AMENDING) ACT, 2009

تمہید (Preamble)

[۳۱ اکتوبر ۲۰۰۹]

ایکٹ جس کے ذریعے لاڑکانہ ڈیولپمنٹ اتھارٹی سے متعلقہ قانون میں تجدید اور ترمیم کی جا سکے۔

جیسا کہ رہائشی صنعت کو فروغ دینے، متحرک کرنے، اور صوبے کے لوگوں کو بہتر رہائش کی فراہمی کے لئے لاڑکانہ ڈیولپمنٹ اتھارٹی ایکٹ، ۱۹۹۴ میں تجدید اور ترمیم کرنا مقصود ہے؛

جس کو اس طرح عمل میں لایا جا سکے گا:

جس کو مندرجہ ذیل طریقے سے نافذ کیا جائے گا:-

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو لاڑکانہ ڈیولپمنٹ اتھارٹی (تجدید اور ترمیم کرنا) ایکٹ، ۲۰۰۹ کہا جائے گا۔

(۲) یہ ایکٹ فی الفور نافذ ہوگا اور اسے ۲۳ اکتوبر ۲۰۰۷ سے عائد اور موثر سمجھا جائے گا۔

لاڑکانہ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی تجدید اور ترامیم
Revival and amendments of Larkana Development Authority

۲۔ لاڑکانہ ڈیولپمنٹ اتھارٹی، ایکٹ ۱۹۹۴ کو جولائی ۲۰۰۲، کے پہلے دن سے بحال سمجھا جائے گا، جیسے کبھی منسوخ نہیں ہوا تھا، اور اسے اس کو ترمیم شدہ تصور کیا جائے گا:-

1. اس پورے ایکٹ میں، استعمال کئے گئے الفاظ ”لاڑکانہ ڈویثرن“ کی جگہ ”ڈسٹرکٹ لاڑکانہ“،”لوکل کاؤنسل“ کی جگہ ”ضلع کاؤنسل“ اور ”کمشنر“ کی جگہ الفاظ اور بریکٹ ”ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسر (رویونیو)“، ”کلکٹر“ لفظ اور ”ڈپٹی کمشنر“ کی جگہ ”ڈسٹرکٹ آفیسر (رویونیو)“، ”اربن“ کی جگہ

’’سرٹن‘‘ اور ’’لوکل اتھارٹی‘‘،’’لوکل کاؤنسل‘‘،’’لوکل اتھارٹی یا باڈی‘‘ کے الفاظ ’’لوکل کاؤنسل یا باڈی‘‘ کے الفاظ کی جگہ’’لوکل گورنمنٹ‘‘ جیسے سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۲۰۰۱ کی دفعہ ۲ کے تحت بیان کیا ہے، کا متبادل ہوگا۔

2. دفعہ ۲ میں:-

(a) شق (f) کے بعد مندرجہ ذیل نئی شقوں کو شامل کیا جائے گا:-

"(ff) کانسٹیٹوشن آف لینڈ سے مراد پلاٹوں کے ادلہ بدلی یا کسی اور ذریعے سے ملانا جس سے اس اسکیم کا مقصد حاصل کیا جا سکے ؛ اور

"(fff) ’’ڈسٹرکٹ‘‘ سے مراد سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۲۰۰۱ کے دفعہ ۲ کے تحت بیان کیا گیا‘‘؛

(b) شق (n)، میں، سیمی کولن کو فل اسٹاپ سے تبدیل کیا جائے گا؛ اور

(c) شق (o) کو مٹا دیا جائے گا،

3. دفعہ ۳ میں، ذیلی دفعہ (3)، کے الفاظ ’’اور دوسری جگہ جو حکومت نوٹی فکیشن کے ذریعے متعین کر سکتی ہے‘‘ کو حذف کیا جائے گا۔

4. دفعہ ۴ میں، ذیلی دفعہ (1) کے لئے مندرجہ ذیل کو متبادل سمجھا جائے گا:-

’’(1) اتھارٹی ان پر مشتمل ہوگی۔‘‘

(a)	وزیر، ہاؤسنگ ٹائون پلاننگ اور لوکل گورنمنٹ چیئرمین۔	چیئرمین
(b)	تین مقامی میمبر صوبائی اسمبلی کے نامزد کردہ اور ایک اسپیکر کی طرف سے نامزد وائس	میمبر/ وائس چیئرمین

بچت
Saving

چیئرمین

(c)	سیکریٹری لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ	میمبر
(d)	ڈسٹرکٹ کوآرڈینٹر آفسیر ڈسٹرکٹ گورنمنٹ لاڑکانہ	میمبر
(e)	ڈسٹرکٹ جنرل	میمبر/سیکریٹری
(f)	ڈائریکٹر جنرل، پبلک ہیلتھ انجنیئرنگ ڈیپارٹمنٹ	میمبر
(g)	حکومت کی جانب سے نامزد کردہ دو افراد	میمبر

5. دفعہ 6 میں، ”نان آفیشل“ کے الفاظ کا ”دہ The “ کو سے متبادل بنایا جائے گا۔

6. دفعہ 9 میں، ذیلی دفعہ (1) میں، شق (ii)، میں مندرجہ ذیل نئی شقیں شامل کی جائیں گی:-

”(iiia) کسی زمین کو اس طرح مربوط کرنا جس طرح قواعد؛“

3. پہلی جولائی دو ہزار دو اور جس دن یہ ایکٹ نافذ ہوا ہے (دونوں دن کے درمیاں) سارے کئے گئے احکامات، چلائی گئی کاروایاں، کی گئی تقرریاں کئے جانے کے ارادے پر ماسوائے اس کے جن کے خلاف عدالت کا حکم ہوا ان کو ہمیشہ ایسے ہی کارگر سمجھا جائے گا، اور ان کے خلاف کسی عدالت میں یا فورم پر اور کسی بنیاد پر کوئی سوال نہیں اٹھایا جائے گا۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔